No. of Printed Pages : 7 **BUDC-106**

# B.A. Hons. (Urdu) (BAUDH)

## Term-End Examination

## June, 2025

## BUDC-106 : Khwaja Altaf Husain Hali Ka Khusoosi Mutala

*Time : Three Hours ]* *[ Maximum Marks : 100*

---

نوٹ:۔ سبھی حصوں سے تمام سوالوں کے جواب مطلوب ہیں۔ اور تمام سوالوں کے نمبر ان کے سامنے درج ہیں۔

---

(حصہ الف)

۱۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کے ادبی کارناموں پر مختصراً گفتگو کیجیے۔ ۱۰





یا

خواجہ الطاف حسین حالؔی کے عہد کے پس منظر پر روشنی ڈالیے۔

۲۔ حالؔی کے معاصر سرسید احمد خاں پر ایک نوٹ لکھیے۔ ۱۰

یا

حالؔی کے معاصر ڈپٹی نذیر احمد پر ایک مختصر مضمون تحریر کیجیے۔

۳۔ خواجہ الطاف حسین حالؔی کی غزل گوئی کے امتیازات بیان کیجیے۔ ۱۰

یا

حالی کی ''مجالس النسا'' کے متعلق اپنی معلومات قلم بند کیجئے۔

(حصہ ب)

۴۔ خواجہ الطاف حسین حالی کی سوانح نگاری سے مفصل بحث کیجئے۔ ۱۵

یا

خواجہ الطاف حسین حالی کے نثری اسلوب پر ایک جامع مضمون سپردقلم کیجئے۔

۵۔ علی گڑھ تحریک کی نشو ونما میں حالی کی کارگردگی کو واضح کیجئے۔ ۱۵





یا

مرثیہ کے حوالے سے حالی کی تنقید نگاری کا جائزہ لیجئے۔

(حصہ ج)

۶۔ جدید اردو نظم کے فروغ میں حالی کی نظم نگاری کا جائزہ لیتے ہوئے ان کی نظم نگاری کی عظمت بیان کیجئے۔ ۲۰

یا

''مقدمہ شعر و شاعری'' کا تعارف کراتے ہوئے ''شعر کی ماہیت'' سے بحث کیجئے۔

۷۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجئے۔ ۲۰

(۱)

دل سے خیال دوست بھلایا نہ جائے گا
سینے میں داغ ہے کہ مٹایا نہ جائے گا

(۲)

دیکھی ہیں ایسی ان کی بہت مہربانیاں
اب ہم سے منھ میں موت کے جایا نہ جائے گا

(۳)

کیوں چھیڑتے ہو ذکر نہ ملنے کا رات کے
پوچھیں گے ہم سبب تو بتایا نہ جائے گا





(۴)

بگڑی نہ بات بات پہ کیوں جانتے ہیں وہ
ہم وہ نہیں کہ ہم کو منایا نہ جائے گا

(۵)

مقصود اپنا کچھ نہ کھلا لیکن اس قدر
یعنی وہ ڈھونڈتے ہیں جو پایا نہ جائے گا

یا

درج ذیل بندوں کی تشریح کیجئے۔

وہ نبیوں میں رحمت لقب پانے والا
مرادیں غریبوں کی بر لانے والا

مصیبت میں غیروں کے کام آنے والا
وہ اپنے پرائے کا غم کھانے والا
فقیروں کا ملجا ضعیفوں کا ماویٰ
یتیموں کا والی غلاموں کا مولیٰ
کہا سب نے قول آج تک کوئی تیرا
کبھی ہم نے جھوٹا سنا اور نہ دیکھا
کہا گر سمجھتے ہو تم مجھ کو ایسا
تو باور کروگے اگر میں کہوں گا
کہ فوج گراں پشت کوہ صفا پر
پڑی ہے کہ لوٹے تمہیں گھات پا کر